# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 10-06-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 06-07-2026 | مشق نمبر 1 | 06-07-2026 |
| مشق نمبر 3 | 31-07-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-08-2026 | مشق نمبر 2 | 20-08-2026 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: عمرانیات-I(411) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے/ایسوسی ایٹ ڈگری

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر (بی اے):40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

سوال نمبر 1- عمرانیات کو ایک سائنسی علم کیوں کہا جاتا ہے؟ بحث کیجیے کہ معاشرتی ڈھانچوں، اداروں اور افراد کے باہمی تعلق کو سمجھنے میں عمرانیات کس طرح پالیسی سازی اور سماجی مسائل کے حل میں مدد فراہم کرتی ہے؟ پاکستانی معاشرے سے مثالیں دیں۔ (20)

سوال نمبر 2- کیا معاشرتی حقیقت (Social Reality) ایک معروضی وجود رکھتی ہے یا یہ انسانی تعبیرات اور ثقافتی تناظر کا نتیجہ ہوتی ہے؟ اپنے مؤقف کے حق میں دلائل دیتے ہوئے واضح کریں کہ معاشرتی تبدیلی کس طرح اقدار، رسم و رواج اور اجتماعی شعور کو متاثر کرتی ہے۔ (20)

سوال نمبر 3- عمرانیات کی اہم اصطلاحات کی وضاحت کریں۔ معاشرتی عمل (Social Process)، معاشرتی تفاعل (Interaction)، منصب (Status) اور کار منصب (Role) کے تصورات کو مثالوں کے ذریعے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- فرد اور گروہ کے درمیان تفاعل معاشرتی نظام کی تشکیل میں کس حد تک اہم ہے؟ مختلف اقسام کے تفاعل (مثلاً تعاون، مقابلہ، تصادم) کی وضاحت کرتے ہوئے پاکستانی معاشرے سے مثالیں پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1. معاشرتی ادارہ اور سماجی بہبود کا باہمی تعلق (10)
2. معاشرتی اور غیر معاشرتی تصورات میں امتیاز (10)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر (بی اے):40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

سوال نمبر 1- ثقافتی تغیر کے اسباب اور نتائج پر تنقیدی بحث کریں۔ کیا جدیدیت اور گلوبلائزیشن پاکستانی ثقافت کے لیے تقویت کا باعث بن رہی ہیں یا چیلنج پیدا کر رہی ہیں؟ دلائل کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2-  سماجی ضابطے معاشرتی نظم وضبط کے لیے کیوں ضروری سمجھے جاتے ہیں؟ کیا سخت سماجی ضابطے سماجی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں یا فرد کی آزادی کو محدود کرتے ہیں؟ پاکستانی مثالوں کے ساتھ تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر3-  نظریہ ذات (Self) کے حوالے سے جارج ہربرٹ میڈ اور چارلس ہارٹن کولی کے نظریات کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ ان نظریات کی موجودہ پاکستانی معاشرت میں افادیت پر بھی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر4-  سماجی ارتقاء کے تصور کی وضاحت کریں۔ ارتقاء کے تین مراحل کے قانون کو بیان کرتے ہوئے واضح کریں کہ کیا یہ نظریہ آج کے ترقی پذیر معاشروں، خصوصاً پاکستان، پر منطبق ہوتا ہے؟ (20)

سوال نمبر5-  مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1. تصورات اور معاشرتی حقائق میں فرق (10)
2. سماجی ضابطوں کی اقسام اور ان کی اہمیت (10)

کل نمبر:100  کامیابی کے نمبر (بی اے):40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی):50

# امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ 10 تا 14)

سوال نمبر1-  پاکستانی معاشرے میں خاندانی نظام میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا تجزیہ کریں۔ کیا مشترکہ خاندان کا زوال انفرادی خود مختاری میں اضافہ کر رہا ہے یا سماجی یکجہتی کو کمزور کر رہا ہے؟ (20)

سوال نمبر2-  گروہ بندی اور سماجی درجہ بندی کے عمل کی وضاحت کریں۔ کیا گروہی وابستگیاں ہمیشہ مثبت کردار ادا کرتی ہیں یا بعض اوقات معاشرتی تقسیم کو بڑھاتی ہیں؟ مثالوں سمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3-  معاشرتی حرکت پذیری (Social Mobility) کے اسباب اور اقسام پر بحث کریں۔ پاکستانی معاشرے میں تعلیم، پیشہ اور شہری و دیہی تقسیم کس طرح سماجی حرکت پذیری کو متاثر کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4-  معاشرتی تصادم کی بنیادی وجوہات کیا ہیں؟ کسی ایک وجہ (مثلاً طبقاتی فرق، وسائل کی غیر مساوی تقسیم، یا نسلی و لسانی اختلاف) کا تفصیلی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر5-  مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1. کار منصب اور اس کی اقسام (10)
2. معاشرتی درجہ بندی کے بنیادی عناصر (10)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر (بی اے): 40

کامیابی کے نمبر (اے ڈی): 50

# امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ: 15 تا 18)

سوال نمبر 1- ازدواجی زندگی کے سماجی اور نفسیاتی پہلوؤں پر روشنی ڈالیں۔ پاکستانی معاشرے میں ازدواجی توازن قائم رکھنے کے لیے کن عوامل کو اہم سمجھا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2- معاشرتی اداروں میں تبدیلی کے اسباب کیا ہیں؟ ٹیکنالوجی، تعلیم اور میڈیا کے اثرات کے تناظر میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- ریاست کو ایک اہم سماجی ادارہ کیوں تصور کیا جاتا ہے؟ پاکستان میں حکومت کا سماجی نظم وضبط، قانون سازی اور فلاحی پالیسیوں میں کردار بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- عالمی اداروں جیسے اقوام متحدہ، عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیں۔ کیا ان کے اثرات ترقی پذیر ممالک، خصوصاً پاکستان، کے لیے مثبت ہیں یا انحصار میں اضافہ کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5- مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1. مذہب اور سماجی ہم آہنگی/اختلاف (10)
2. پاکستان میں تعلیمی ومعاشی مسائل (10)